ایمان رکھتے تھے، جو عبادت گاہوں میں رات رات بھر کھڑے ہو کر اللہ کی بندگی کرتے تھے اور وہ لوگ بھی موجود تھے جو روزے رکھا کرتے تھے۔ ان کے خدا سے تعلق اور اخلاقِ حسنہ کی تعریف خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کی ہے۔ پھر ایک نئی رسالت، ایک نئی دعوت، اور ایک نئی اُمت کیوں ضروری ہوئی؟ ایک طرف تو اس لیے کہ ایمان و عمل کی راہیں انسانوں کی ساری گمراہیوں سے پاک ہو کر روشن ہو جائیں۔ لیکن دوسری طرف اس لیے کہ ایک ایسی اُمت وجود میں آئے جو انسانوں کے سامنے اپنے رب اور اس کے دین کی گواہ بن کر کھڑی ہو، تاکہ انسان انصاف پر قائم ہو جائیں : **وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَٰكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ (البقرۃ ۲: ۱۴۳)۔**

یہ قرآن کا مشن ہے۔ یہی وہ مشن ہے جو قرآن کو پانے اور قرآن کی امانت کا حامل بننے کے نتیجے میں میرا، اور آپ کا، اور قرآن پر ایمان کا دعویٰ کرنے والی اس ساری اُمت کا مشن قرار پاتا ہے۔ یہ ذمہ داری کتنی بھاری اور بڑی ذمہ داری ہے اس کا تصور بھی مشکل ہے۔ ساری انسانیت کو صحیح راہ پر ڈالا جائے، یہ ایک انتہائی عظیم الشان کام ہے۔ اسی لیے حضور (ﷺ) پہلا پیغام لے کر غار حرا سے گھر آئے تو کانپتے اور لرزتے ہوئے آئے۔ خود اللہ تعالیٰ نے اس کلام کی امانت کو ایک بھاری بات، "قول ثقیل" کہا، اور کمر توڑ بوجھ قرار دیا۔ یہ کوئی آسان کام نہیں لیکن ایسا مشکل بھی نہیں کہ اس کا اٹھانا انسان کے بس سے باہر ہو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ، جو رحمٰن و رحیم اور عادل و حکیم ہے، ایسا بوجھ کیوں ڈالتا۔ بس اس بوجھ کو اٹھانے کے لیے اپنے اندر ایک ایسا انسان بنانے کی ضرورت ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کا بندہ ہو اور اپنی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے۔ نیا انسان بننے کے لیے، اور ایسی دنیا بنانے کے لیے جہاں حکم صرف اللہ کا چلے اور گردنیں صرف اس کے آگے جھکیں، قرآن پر ایمان بھی ضروری ہے، قرآن کا علم بھی ضروری ہے، قرآن سے مسلسل گہرا ربط بھی ضروری ہے، صبر اور استقامت بھی

continuous deep connection with the Quran is necessary, patience and steadfastness are required, and constant struggle and sacrifice are unavoidable. The mission of the Quran demands very high qualities. It requires that when a person raises the banner of the Quran, they must also raise their thoughts and character toward the heights. For this, special strength and capability are required.	درکار ہے، اور مسلسل جدوجہد اور قربانی بھی ناگزیر ہے۔ قرآن کا مشن بڑی اعلیٰ صفات کا مطالبہ کرتا ہے۔ اس کا تقاضا ہے کہ انسان قرآن کا پرچم اٹھائے تو فکر اور کردار کو بھی بلندیوں کی طرف اٹھائے۔ اس کے لیے خصوصی قوت اور استعداد کی ضرورت ہے۔

Key Takeaway Messages

- The Two-Fold Responsibility: Owning the Quran means
  - (1) personal transformation and
  - (2) global invitation. You cannot fully achieve the first without pursuing the second.
- A Witness to Humanity: The Muslim Ummah's primary reason for existence is to be a "witness" (*Shaheed*) for Allah's justice before all of mankind.
- The Nature of the "Burden": The Quran is a "Heavy Word." It is designed to change the world's power structure so that no human rules over another, and all bow only to the Creator.
- The Required "New Human": To fulfill this mission, one needs more than just ritual; one needs a "new" character defined by constant Quranic connection, immense patience, and the willingness to sacrifice.

The Connection Between the Quran, Taqwa, and Fasting The source of this strength, capability, and these high qualities is Taqwa (God-consciousness/piety). Allah Almighty made it clear at the very beginning of His Book that only those can see the right path, get onto that path, and walk upon that path who possess Taqwa: هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ "A guidance for those who possess Taqwa." On the other hand, the purpose of keeping fasts—or you could say the outcome of fasting—was described as: لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ "So that you may attain Taqwa." Read these two verses together! You will immediately discover the secret of why fasting has such a deep connection to the Holy Quran, and why the anniversary month of the Quran's revelation was specifically designated for fasting. What time could be more suitable than the blessed moments of this month to strive to develop, through fasting, that quality of Taqwa which makes the path of the Quran easy and	**قرآن، تقویٰ اور روزہ کا تعلق** اس قوت و استعداد کا، اور ان اعلیٰ صلاحیتوں کا سرچشمہ ہے تقویٰ۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کے شروع ہی میں یہ واضح کر دیا کہ اس کتاب سے وہی صحیح راہ دیکھ سکتے ہیں، راہ پر لگ سکتے ہیں اور راہ پر چل سکتے ہیں، جو تقویٰ رکھتے ہوں: **ہُدًی لِّلْمُتَّقِینَ**۔ دوسری طرف روزے رکھنے کا مقصد، یا یوں کہیے کہ روزوں کا حاصل یوں بیان کیا کہ **لَعَلَّکُمْ تَتَّقُونَ** تاکہ تمھارے اندر تقویٰ پیدا ہو۔ ان دونوں آیتوں کو ملا کر پڑھیے! آپ فوراً اس راز کو پالیں گے کہ روزے سے قرآن مجید کو اتنا گہرا تعلق کیوں ہے، اور نزول قرآن کی سالگرہ کے مہینے کو روزوں کے لیے کیوں مخصوص فرمایا گیا۔ اس ماہ کی بابرکت گھڑیوں سے زیادہ موزوں وقت اس بات کے لیے اور کون سا ہو سکتا تھا کہ روزے کے ذریعے تقویٰ کی وہ صفت پیدا

makes it possible to carry the burden of the Quran's trust?	کرنے کی کوشش کی جائے جس سے قرآن کی راہ آسان ہو، اور قرآن کی امانت کا بوجھ اٹھانا ممکن ہو؟

Key Takeaway Messages

- **The Bridge:** Taqwa is the bridge between the ritual (Fasting) and the goal (Guidance).
- **The Logical Cycle:** 1. The Quran requires **Taqwa** to be understood and followed (*Hudan lil-Muttaqin*). 2. Fasting is the primary tool to produce **Taqwa** (*La'allakum Tattaqun*). 3. Therefore, Fasting in Ramadan "primes" the believer to receive and carry the message of the Quran.
- **Capacity Building:** Fasting is not just an act of worship; it is a spiritual training session to build the "muscles" needed to carry the "Heavy Word" of Allah.

What is Taqwa? Taqwa is a very high and priceless attribute; it is also a comprehensive collection of all desired qualities. For those who possess the quality of Taqwa, Allah Almighty has guaranteed all the goodness of this world and the Hereafter in the Holy Quran. Taqwa is that thing through which a way out of every difficulty is found. Taqwa is that through which the doors of sustenance open in such a way that one cannot even imagine. Because of Taqwa, all matters of religion and the world become easy. Allah Almighty brushes away evils and rewards with a great recompense. The *Muttaqin* (possessors of Taqwa) are the ones who have been given the glad tidings of that Paradise whose vastness would encompass the heavens and the earth; it is to them that the promise of forgiveness—which leads to that Paradise—has been made. While Paradise is their inheritance, in this world too, a promise has been made to open the floodgates of blessings from the heavens and the earth for those adorned with the qualities of faith and Taqwa: وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَى آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ"And if the people of the cities had believed and feared Allah (observed Taqwa), We would have opened upon them blessings from the heaven and the earth." (Al-A'raf 7:96) What is Taqwa? To sum it up, it should be said that Taqwa is the name of that strength and capability of the heart and soul, consciousness and awareness, resolve and	**تقویٰ کیا ہے؟** تقویٰ بڑی اونچی اور بیش بہا صفت ہے، اور ساری مطلوبہ صفات کی جامع بھی۔ جو تقویٰ کی صفت رکھتے ہوں ان کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں دنیا اور آخرت کی ساری بھلائیوں کی ضمانت دی ہے۔ تقویٰ وہ چیز ہے جس سے ہر مشکل سے نکلنے کا راستہ ملتا ہے۔ تقویٰ وہ ہے جس سے رزق کے دروازے اس طرح کھلتے ہیں کہ سان و گمان بھی نہیں ہوتا۔ تقویٰ کی وجہ سے دین اور دنیا کے سارے کام آسان ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ برائیاں جھاڑ دیتا ہے، اور اجر عظیم سے نوازتا ہے۔ متقین ہی وہ ہیں جن کو اس جنت کی بشارت دی گئی ہے جس کی وسعت میں زمین و آسمان سما جائیں، انھی سے اس مغفرت کا وعدہ کیا گیا ہے جو اس جنت کی طرف لے جانے والی ہے۔ جنت تو ان کی وراثت ہے ہی، دنیا میں بھی آسمان و زمین سے برکتوں کے دہانے کھول دینے کا وعدہ ان سے کیا گیا ہے جو ایمان اور تقویٰ کی صفت سے آراستہ ہوں۔ **وَلَوْ اَنَّ اَہْلَ الْقُرٰٓی اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَیْہِمْ بَرَکٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ (الاعراف ۷:۹۶)** اگر بستیوں کے لوگ ایمان لاتے اور تقویٰ کی روش اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین سے برکتوں کے دروازے کھول دیتے۔ تقویٰ کیا ہے؟ بات سمیٹ کر کہی جائے تو کہنا چاہیے کہ تقویٰ، قلب و روح، شعور و آگہی، عزم و ارادہ، ضبط و نظم، اور عمل و کردار کی اس قوت اور استعداد کا نام ہے کہ جس کے بل پر ہم اس چیز سے رک

will, discipline and order, and action and character, on the basis of which we restrain ourselves from what we know and believe to be wrong and consider harmful for us, and we stand firm upon what we know and believe to be right.

The literal meaning of Taqwa is "to protect oneself" or "to avoid." In this sense, this is the absolutely basic and initial concept of Taqwa that I have presented to you. This power is deposited in our nature—that we avoid harm and pain, crave benefit, and strive to attain it. If this desire and power were not within us, the survival of human life would be absolutely impossible, nor could man make progress. We do not put our hand into a burning fire; rather, our hand automatically pulls back from near the fire. If our child even goes near a fire by mistake, we become restless and rush to save them somehow. Why? Because we are certain that our hand will burn in the fire, the fire will burn the child, and they could die. This is the "Taqwa of the world's fire." The harm of this fire is within our experience; it is before our eyes. Therefore, the capability to avoid it is so powerful. There is another fire. This fire is ignited by the corruptions of faith, action, intellect, and ethics. The Holy Quran tells us which paths lead to falling and burning in this fire of Allah in this world and the world to come. It warns: do not go near these paths; avoid this fire. Denial of the truth, disobedience, oppression, lies, forbidden (*Haram*) wealth, usurping the rights of others, hurting them—all these are fire.

Our eyes cannot see this fire, we have no experience of it, and we do not immediately taste the sensation of burning by putting our hand in this fire right now. We necessarily avoid the world's fire because we see it and taste the burning immediately. We are fully certain of its harm. If we were to have the same certainty that by speaking a lie, the tongue is burning in fire; by consuming the forbidden, the stomach is being filled with embers of fire; or by walking upon the forbidden, fire is becoming one's bedding, clothing, food, and drink—then surely that

جائیں جس کو ہم غلط جانتے اور مانتے ہوں اور اپنے لیے نقصان دہ سمجھتے ہوں، اور اس چیز پر جم جائیں جس کو صحیح جانتے اور مانتے ہوں۔ تقویٰ کے لغوی معنی بچنے کے ہیں۔ ان معنوں میں یہ تقویٰ کا بالکل بنیادی اور ابتدائی مفہوم ہے جو میں نے آپ کے سامنے پیش کیا ہے۔ یہ قوت ہماری فطرت میں ودیعت ہے کہ ہم نقصان و تکلیف سے بچیں، نفع کا لالچ کریں، اور اس کے حصول کی کوشش کریں۔ ہمارے اندر اس کی طلب اور قوت نہ ہو، تو انسان کی زندگی کی بقا بالکل ناممکن ہے، نہ وہ ترقی کر سکتا ہے۔ ہم جلتی آگ میں ہاتھ نہیں ڈالتے، بلکہ ہمارا ہاتھ خود بخود آگ کے پاس سے کھینچ کر واپس لوٹ آتا ہے۔ ہمارا بچہ غلطی سے آگ کے قریب بھی چلا جائے تو ہم بے چین ہو کر لپکتے ہیں کہ کسی طرح اس کو بچالیں۔ کیوں؟ اس لیے کہ ہمیں اس بات پر یقین ہے کہ آگ میں ہمارا ہاتھ جل جائے گا، آگ بچہ کو جلادے گی، وہ مر سکتا ہے۔ یہ دنیا کی آگ کا تقویٰ ہے۔ اس آگ کا نقصان ہمارے تجربے میں ہے، یہ ہماری نگاہوں کے سامنے ہے۔ اس لیے اس سے بچنے کی استعداد اتنی طاقتور ہے۔ ایک آگ اور ہے۔ یہ آگ ایمان و عمل اور فکر و اخلاق کی خرابیوں سے بھڑکتی ہے۔ کن راہوں پر چلنے سے اس دنیا اور آنے والی دنیا میں اللہ تعالیٰ کی اس آگ میں گرنا اور جلنا ممکن ہے، یہی بات قرآن مجید بتاتا ہے۔ وہ خبردار کرتا ہے کہ ان راہوں کے قریب نہ جاؤ، اس آگ سے بچو۔ حق کا انکار، نافرمانی، ظلم، جھوٹ، حرام مال، دوسروں کا حق مارنا، ان کو ایذا پہنچانا، یہ سب آگ ہیں۔ یہ آگ ہماری آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں، ان کا ہمیں کوئی تجربہ نہیں، اس آگ میں ہاتھ ڈال کر ہم جلنے کا مزہ فوراً اور ابھی نہیں چکھتے۔ دنیا کی آگ سے ہم اس لیے لازماً بچتے ہیں کہ اسے ہم دیکھتے ہیں، اس میں جلنے کا مزہ ہم فوراً اور ابھی چکھتے ہیں۔ اس کے نقصان پر ہمیں پورا پورا یقین ہے۔ اگر ایسا ہی یقین ہمیں اس بات پر ہو جائے کہ جھوٹ بولنے سے زبان آگ میں جل رہی ہے، حرام کھانے سے پیٹ آگ کے انگاروں سے بھر رہا ہے، یا حرام پر چلنے

strength and capability would be born in our hearts, bodies, and souls that would succeed in stopping us from these acts. This is the Taqwa of Allah and His fire.

The first source of this Taqwa is Iman-bil-Ghaib (Faith in the Unseen). The *Muttaqin* who find guidance from the Quran are:
الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ"Those who believe in the unseen."

Today's corruption of faith and bad deeds are tomorrow's fire, even though we cannot see it today. Taqwa is born only from the certainty of this fact. From this very certainty, that power is born which is required above all else to walk the path of the Quran; that "provision for the journey" (*Zad-e-Rah*) is obtained which is most essential.

Reflect with this reality of Taqwa in mind. You will immediately understand that for Taqwa, the first essential thing is that we accept a permanent code and standard of right and wrong, truth and falsehood in our values, ethics, and actions, and that we abide by it. For those who say that there is no permanent existence, code, or standard for right and wrong in beliefs and ethics—that these are relative things that change with time and circumstances; that what was right yesterday can be wrong today and what is wrong today can be right tomorrow; or that it makes no difference whether a person is honest or dishonest—for them, the question of Taqwa does not even arise.

We have accepted Allah Almighty as our Lord (*Rabb*). The very meaning of this is that truth and "right" is only that which is His command, from which His pleasure is attained, and the knowledge of which He has given. Every thing that causes Him to be displeased, which ignites His wrath, or through which His disobedience occurs, is wrong and false; it is injurious and harmful, and it is essential to avoid it.

To accept Allah Almighty as Lord also means that there are some realities we cannot see, cannot taste, which are beyond the grasp of our senses, which are beyond body and soul, which are higher than hunger and thirst, and

سے آگ اوڑھنا بچھونا اور کھانا پینا بن رہی ہے، تو پھر یقیناً ہمارے دلوں اور جسم و جان میں وہ قوت اور استعداد پیدا ہو گی جو ہمیں ان کاموں سے روکنے میں کامیاب ہو۔ یہ اللہ کا اور اس کی آگ کا تقویٰ ہے۔ اس تقویٰ کا پہلا سرچشمہ ایمان بالغیب ہے۔ متقین جو قرآن سے ہدایت پاتے ہیں، "الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ" وہ ہیں جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں۔ آج کی ایمان کی خرابی اور بد عملی ہی کل کی آگ ہے، اگرچہ اسے ہم آج دیکھ نہیں سکتے۔ اس بات پر یقین ہی سے تقویٰ پیدا ہوتا ہے۔ اسی یقین سے وہ قوت پیدا ہوتی ہے جو راہِ قرآن پر چلنے کے لیے سب سے بڑھ کر درکار ہے، وہ زادِ راہ حاصل ہوتا ہے جو سب سے زیادہ ضروری ہے۔ تقویٰ کی یہ حقیقت سامنے رکھ کر غور کیجیے۔ آپ فوراً یہ سمجھ لیں گے کہ تقویٰ کے لیے سب سے پہلی بات یہ ضروری ہے کہ ہم اقدار اور اخلاق و اعمال میں صحیح اور غلط، حق اور باطل کا ایک مستقل ضابطہ اور معیار تسلیم کریں، اور اس کی پابندی کریں۔ جو لوگ کہیں کہ عقائد و اخلاق میں صحیح اور غلط کا کوئی مستقل وجود اور ضابطہ و معیار نہیں، یہ اضافی چیزیں ہیں جو زمانے اور حالات کے لحاظ سے بدلتی رہتی ہیں، جو کل صحیح تھا، آج غلط ہو سکتا ہے اور جو آج غلط ہے وہ کل صحیح ہو سکتا ہے، یا آدمی ایمان دار ہو یا بے ایمان کوئی فرق نہیں پڑتا، ان کے لیے تقویٰ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ہم نے اللہ تعالیٰ کو اپنا رب مانا ہے۔ اس کے معنی ہی یہ ہیں کہ حق اور صحیح صرف وہ ہے جو اس کا حکم ہو، جس سے اس کی رضا حاصل ہوتی ہو، جس کا علم اس نے دیا ہو۔ ہر وہ چیز جو اس کو ناراض کرنے والی ہو، جس سے اس کا غضب بھڑکتا ہو، جس سے اس کی نافرمانی ہوتی ہو، وہ غلط اور باطل ہے، وہ ضرر رساں اور نقصان دہ ہے، اس سے بچنا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کو رب ماننے کے معنی یہ بھی ہیں کہ کچھ حقیقتیں ایسی ہیں جو ہم دیکھ نہیں سکتے، چکھ نہیں سکتے، جو ہمارے حواس کی گرفت سے باہر ہیں، جو جسم و جان سے ماورا ہیں، جو بھوک پیاس سے بالاتر ہیں، جو خواہشات کی فوری تکمیل سے زیادہ مزے دار اور

which are more delicious and precious than the immediate fulfillment of desires. It also means that only He can give the knowledge of right and wrong, and the knowledge of these realities can also be obtained only from Him—the One Who possesses the knowledge of both the unseen (*Ghaib*) and the manifest (*Shahadah*), and Whose will alone is the criterion for right and wrong. Only those who believe in these unseen matters can become *Muttaqi*.

For the one who accepts these things, there is only one path. That is to surrender his body, soul, and wealth—all of it—entirely to his Lord. His sitting and standing, his walking, his thinking and speaking, should all be according to the command of Allah Almighty and dedicated to His service. Whatever He has given—whether it is wealth or time, a material blessing or a spiritual one—he should apply it in His path and spend it for Him alone. He should spend his entire life with the thought that tomorrow he must meet Him, and success at that time is the only real success.

This is the Taqwa that Allah Almighty has described at the very beginning of the Holy Quran: Faith in the unseen, servitude with body and soul in the form of prayer, spending what He has given in His path, faith in revelation for the criterion of truth and falsehood, and certainty in the Hereafter. Whoever calls Allah his Lord, and after that still employs the powers of his body and soul in things that are disliked by Him, and does not avoid those things that ignite the fire of His wrath, is deprived of Taqwa. Taqwa is not just the name of observing outward rituals; it is the name of inner strength and certainty. That is why the Holy Prophet ﷺ once pointed toward his blessed heart and said:
"Taqwa is here."

قیمتی ہیں۔اس کے معنی یہ بھی ہیں کہ صحیح اور غلط کا علم صرف وہی دے سکتا ہے، اور ان حقیقتوں کا علم بھی صرف اسی سے حاصل ہو سکتا ہے، جس کے پاس غیب اور شہادت دونوں کا علم ہے، اور جس کی مرضی ہی صحیح اور غلط کی کسوٹی ہے۔ متقی وہ بن سکتے ہیں جو ان غیبی امور پر ایمان لائیں۔ جو ان باتوں کو مان لے اس کے لیے ایک ہی راستہ ہے۔ وہ یہ کہ وہ اپنے تن، من، دھن سب کو پورا کا پورا اپنے رب کے حوالے کر دے۔ اس کا اٹھنا بیٹھنا، چلنا پھرنا، سوچنا بولنا، سب اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق ہو، اس کی بندگی کے لیے وقف ہو جائے۔ جو کچھ اس نے دیا ہے، خواہ مال ہو یا وقت، مادی نعمت ہو یا معنوی..... اس کی راہ میں لگا دے اور اسی کے لیے خرچ کرے۔ پوری زندگی اس فکر میں گزارے کہ کل اس سے ملاقات کرنا ہے، اور اس وقت کی کامیابی ہی اصل کامیابی ہے۔ یہی ہے وہ تقویٰ جو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے آغاز ہی میں بیان فرما دیا ہے۔ غیب پر ایمان، جسم و جان سے بندگی نماز کی شکل میں، اس کا دیا ہوا اسی کی راہ میں خرچ کرنا، حق و باطل کی کسوٹی کے لیے وحی پر ایمان، اور آخرت پر یقین۔ جو اللہ کو اپنا رب کہے، اور اس کے بعد بھی اپنے جسم و جان کی قوتوں کو ان چیزوں میں لگائے جو اس کو ناپسند ہیں، اور ان چیزوں سے نہ بچے جو اس کے غضب کی آگ بھڑکانے والی ہیں، وہ تقویٰ سے محروم ہے۔ تقویٰ صرف ظاہری رسوم کی پابندی کا نام نہیں، یہ اپنے اندر کی قوت اور یقین کا نام ہے۔ اسی لیے نبی کریم (ﷺ) نے ایک دفعہ اپنے قلب مبارک کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: " تقویٰ تو یہاں ہے"۔

Key Takeaway Messages

- **Taqwa as "Spiritual Reflex":** Just as we instinctively pull our hand away from physical fire, Taqwa is the spiritual instinct to pull away from sins that lead to the fire of the Hereafter.

- **The Power of Certainty:** Taqwa fails when our belief in the Unseen is weaker than our belief in what we see. Real Taqwa requires treating a lie as if it were a physical ember in the mouth.
- **Absolute vs. Relative Morality:** Taqwa is impossible for someone who believes "right and wrong" change with the times. It requires accepting Allah's commands as the *permanent* and *final* standard.
- **Total Surrender:** Being a *Muttaqi* means dedicating time, wealth, and intellect to Allah, living every moment in preparation for the "Final Meeting."
- **Heart over Ritual:** As the Prophet ﷺ indicated, Taqwa is an internal state of the heart, not just a checklist of outward actions.

The Connection Between Taqwa and Fasting

If you keep this meaning of Taqwa in mind, it is not difficult to understand that to produce this Taqwa, there could hardly be a more effective prescription than fasting, *Qiyam-ul-Layl* (night prayer), and the recitation of the Quran—and that Ramadan-ul-Mubarak was the most suitable month to use this prescription. By combining fasting and the recitation of the Quran in *Qiyam-ul-Layl* during the month of Ramadan, Allah Almighty has, in fact, opened the way for us to attain this Taqwa.

When we fast, we refrain from fulfilling even the lawful demands of our bodies—demands like hunger and thirst—from morning until evening for the sake of Allah's pleasure; and for the sake of His reward and bounty, we sacrifice even our permissible desires. When night comes, we stand and listen to His Word, and in the course of the month, we listen to the entire Book at least once. It is our misfortune that, due to not knowing the language and not putting in the effort, we often do not understand what Allah Almighty said to us and what we heard. However, the Divine Intent is perfectly clear: that in this month, we should become acquainted at least once with the entire guidance He has bestowed upon us in the form of the Holy Quran—which it is our primary duty to act upon ourselves and to invite others toward. From the recitation of the Quran, knowledge and faith (*Iman*) are attained, and from fasting, the power of action is gained. During the fast, when Allah Almighty commands, we eat; and when He commands, we stop.

تقویٰ اور روزہ کا تعلق

تقویٰ کے یہ معنی آپ ذہن میں رکھیں، تو یہ بات سمجھنا کچھ دشوار نہیں کہ یہ تقویٰ پیدا کرنے کے لیے روزہ، قیام اللیل، اور تلاوتِ قرآن سے زیادہ موثر کوئی اور نسخہ مشکل ہی سے ہو سکتا تھا، اور اس نسخے کے استعمال کے لیے رمضان المبارک ہی سب سے زیادہ موزوں مہینہ تھا۔ روزہ، اور قیام اللیل میں تلاوتِ قرآن، دونوں کو رمضان کے مہینے میں جمع کر کے اللہ تعالیٰ نے دراصل اس تقویٰ کے حصول کا راستہ ہمارے لیے کھول دیا ہے۔ ہم روزہ رکھتے ہیں تو صبح سے شام تک اپنے جسم کے جائز مطالبات تک کو، بھوک، پیاس جیسے مطالبات تک کو، پورا کرنے سے اللہ کی رضا کی خاطر رک جاتے ہیں، اور اس کے اجر وانعام کی خاطر اپنی جائز خواہشات بھی قربان کر دیتے ہیں۔ رات آتی ہے تو کھڑے ہو کر اس کا کلام سنتے ہیں، اور مہینہ بھر میں کم سے کم ایک دفعہ پوری کتاب سن لیتے ہیں۔ یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ زبان نہ جاننے اور محنت نہ کرنے کی وجہ سے ہمارے پلے کچھ نہیں پڑتا کہ اللہ تعالیٰ نے ہم سے کیا کہا اور ہم نے کیا سنا۔ لیکن منشائے خداوندی بالکل واضح ہے کہ اس مہینے میں ہم ایک مرتبہ اس پوری ہدایت سے روشناس ہو جائیں جو اس نے قرآن مجید کی صورت میں ہمیں عطا فرمائی ہے، اور جس پر خود عمل کرنا اور جس کی طرف دوسروں کو بلانا ہمارا اولین فرض ہے۔ تلاوتِ قرآن سے علم وایمان کا حصول ہوتا ہے، اور روزے سے قوتِ عمل کا۔ روزے میں، جب اللہ تعالیٰ کا حکم ہوتا ہے ہم کھاتے ہیں، اور جب اس کا حکم ہوتا ہے ہم رک جاتے ہیں۔ نہ کھانا حرام

Neither eating nor drinking is inherently forbidden (*Haram*), but during the fast, we make even these absolutely basic necessities forbidden upon ourselves for the sake of obeying the Lord—necessities which at other times are not only permissible but obligatory to fulfill. In this way, we develop the strength to refrain from everything Allah Almighty has forbidden, no matter how intense our need and desire for it may be, and no matter how right and lawful it may appear to us.

Through fasting, our certainty is also solidified: that the realities reported by Allah Almighty and His Messenger ﷺ—which are not material or sensory—are far more superior, precious, and delicious than material realities like hunger, thirst, and physical desires. We do not live by bread alone; high moral objectives are indispensable for life. In this way, the power is born within us to sacrifice those worldly desires, the pleasure of which can be enjoyed right now and immediately, for the sake of higher spiritual and moral goals that are to be achieved later.

Fasting also solidifies the fact that the real thing is Obedience to Allah. Only the Divine Command is the ultimate authority for whether something is right or wrong. Virtue and reward are not in eating, nor in remaining hungry, nor in staying awake, nor in sleeping. Virtue and reward lie solely in the obedience and submission to Allah Almighty. Similar strengths are obtained from *Qiyam-ul-Layl*. When these powers and states are produced—and to whatever extent they are—only then and to that degree can we, as individuals and collectively as a nation, become capable of carrying the burden of the Quran's trust. Because only then can the capacity be born within us to prioritize the fulfillment of our objectives and the mission of the Quran over the desire for material and sensory objects and the quest for immediate and seemingly certain pleasures. This very capacity is named Taqwa.

Look at it from another perspective: fasting has no outward form or shape. No one else can see or feel the hunger, thirst, and physical

ہے نہ پینا، لیکن روزے میں ہم ان بالکل بنیادی ضروریات کو بھی اطاعتِ رب کی خاطر اپنے اوپر حرام کر لیتے ہیں جن کو پورا کرنا دوسرے اوقات میں نہ صرف جائز بلکہ فرض ہوتا ہے۔ اس طرح ہم یہ قوت پیدا کرتے ہیں کہ ہر اس چیز سے رک جائیں جس سے اللہ تعالیٰ نے روکا ہے، خواہ اس کے لیے ہماری ضرورت اور خواہش کتنی ہی شدید ہو، اور وہ ہمیں کتنی ہی صحیح اور جائز نظر آئے۔

روزے سے ہمارا یہ یقین بھی راسخ ہوتا ہے کہ جن حقیقتوں کی خبر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (ﷺ) نے دی ہے، جو مادی و حسی نہیں ہیں، وہ بھوک، پیاس اور جنس جیسی مادی حقیقتوں سے کہیں زیادہ بالا، بیش بہا اور لذیذ ہیں۔ ہم صرف روٹی سے نہیں جیتے، اعلیٰ اخلاقی مقاصد زندگی کے لیے ناگزیر ہیں۔ اس طرح سے ہمارے اندر یہ قوت پیدا ہوتی ہے کہ بلند تر روحانی اور اخلاقی مقاصد کے لیے، جو بعد میں حاصل ہونے والے ہوں، ان دنیوی خواہشات کو قربان کر دیں جن کا مزہ آج ہی اور ابھی فوراً گوٹا جا سکتا ہے۔ روزہ یہ بات بھی راسخ کر دیتا ہے کہ اصل چیز اطاعتِ الٰہی ہے۔ صرف حکمِ الٰہی ہی کسی چیز کے صحیح یا غلط ہونے کے لیے آخری سند ہے۔ نیکی اور ثواب کھانے میں نہیں ہے، نہ بھوکے رہنے میں، نہ جاگنے میں نہ سونے میں۔ نیکی اور ثواب صرف اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرماں برداری میں ہے۔ قیام اللیل سے بھی اسی نوعیت کی قوتیں حاصل ہوتی ہیں۔ جب یہ قوتیں اور کیفیات پیدا ہو جائیں، اور جتنی ہو جائیں، اسی وقت اور اتنے ہی ہم انفرادی طور پر، اور اجتماعی طور پر بحیثیت قوم، قرآن کی امانت کا بار اٹھانے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ تب ہی ہمارے اندر اپنے مقاصد اور قرآن کے مشن کی تکمیل کو مادی اور محسوس اشیا کی خواہشات اور فوری اور بظاہر یقینی لذتوں کی طلب پر ترجیح دینے کی استعداد پیدا ہو سکتی ہے۔ اسی استعداد کا نام تقویٰ ہے۔ ایک اور پہلو سے دیکھیے، روزے کی کوئی ظاہری شکل صورت نہیں ہے۔ نفس اور پیٹ کی گہرائی میں اٹھنے والی بھوک، پیاس اور جنسی خواہش کو کوئی دوسرا

desire rising in the depths of the soul and stomach, nor can anyone share in another's sensation. There is also no outward form for sacrificing these desires. Therefore, this abandonment of desires cannot be measured or weighed by material scales. Fasting is established purely upon the certainty of the Presence of the Lord. Wherever you are, He is present; if there are two, He is the third, and if you are alone, He is the second; He is closer than the jugular vein. This is that faith—faith in being before one's Lord at all times—which is the true fruit of fasting. That is why it is said in a *Hadith Qudsi*:

"Fasting is for Me alone, and only I can give the reward for it." (Bukhari, Muslim: Abu Hurairah RA)

Taqwa is established on the foundation of this faith, draws nourishment from this faith, is built upon it, and flourishes because of it.

Now, finally, let me tell you one more important thing! When Satan despairs of the fact that we will agree to abandon this prescription (which carries such boundless benefits), he then tries to limit its benefit, hoping we will be content with obtaining only a few drops from the ocean.

From fasts and *Qiyam-ul-Layl*, that kind of Taqwa can be attained which you have seen, but a kind of Taqwa can also be produced which merely makes us content with doing small good deeds—where we worry more about recommended acts (*Mustahabb*) than voluntary ones (*Nawafil*), more about voluntary ones than Sunnahs, and more about all of those than the Obligatory (*Fara'id*) duties. Similarly, we might only refrain from small evils.

However, the Taqwa that Allah Almighty taught us to produce by making fasting obligatory in Ramadan is something much greater than that. It is that Taqwa through which we, as individuals and as a community, can become capable of fulfilling the mission of the Holy Quran revealed in Ramadan and fulfilling its rights.

It is necessary to know this because it has been happening, and is happening, that those

دیکھ نہیں سکتا، نہ محسوس کر سکتا ہے، نہ کوئی کسی کے احساس میں شریک ہو سکتا ہے۔ ان خواہشات کو قربان کر دینے کی بھی کوئی ظاہری شکل نہیں۔ لہٰذا اس ترکِ خواہشات کو مادی پیمانوں سے نہیں ناپا تولا جا سکتا۔ روزہ تو خالص حضوریِ رب کے یقین ہی پر قائم ہوتا ہے۔ جہاں بھی ہوں وہ موجود ہے، دو ہوں تو تیسرا وہ ہوتا ہے اور اکیلے ہوں تو دوسرا وہ ہے، وہ شہ رگ سے زیادہ قریب ہے۔ یہ ہے وہ ایمان، ہر وقت اپنے رب کے سامنے ہونے پر ایمان، جو روزہ کا اصل ثمر ہے۔ اسی لیے حدیث قدسی میں فرمایا گیا ہے کہ روزہ صرف میرے لیے ہے، صرف میں ہی اس کا بدلہ دے سکتا ہوں (بخاری، مسلم: ابوہریرہ)۔ تقویٰ اسی ایمان کی بنیاد پر قائم ہوتا ہے، اسی ایمان سے غذا حاصل کرتا ہے، اسی پر استوار ہوتا ہے، اور اسی سے پھلتا پھولتا ہے۔

اب آخر میں آپ کو ایک اہم بات اور بتاؤں ! جب شیطان اس بات سے مایوس ہو جاتا ہے کہ ہم اس نسخے کو ترک کرنے پر راضی ہو جائیں جو اتنے بے پایاں منافع کا حامل ہے، تو پھر وہ اس کی کوشش کرتا ہے کہ اس کے نفع کو محدود کر دے، اور ہم سمندر سے چند قطرے حاصل کرنے ہی پر قانع رہ جائیں۔

روزوں اور قیام لیل سے وہ تقویٰ بھی حاصل ہو سکتا ہے جو آپ نے دیکھا، اور اس سے ایسا تقویٰ بھی پیدا ہو سکتا ہے جو صرف اس بات پر ہمیں قانع کر دے کہ چھوٹی نیکیاں کر لیں، مستحبات کی فکر نوافل سے بڑھ کر کریں، نوافل کی سنتوں سے بڑھ کر، اور ان سب کی فرائض سے بڑھ کر۔ اسی طرح ہم صرف چھوٹی برائیوں سے رک جائیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے رمضان المبارک میں روزے فرض کر کے جو تقویٰ پیدا کرنے کی تعلیم دی ہے وہ اس سے بہت عظیم شے ہے۔ یہ وہ تقویٰ ہے جس سے ہم بحیثیت فرد کے، اور بحیثیت جماعت کے، رمضان میں نازل ہونے والے قرآن مجید کے مشن کو پورا کرنے اور اس کا حق ادا کرنے کے اہل بن سکتے ہیں۔

who fast and stay awake at night keep fasting and staying awake, yet they do not take a single step on the path upon which the fasts of Ramadan and the recitation of the Quran want them to walk. This is despite the fact that among righteous deeds, the most important deed—among obligations, the greatest obligation—and in terms of benefit, the one carrying the most "abundant good" (*Khair-e-Kaseer*) is this: that we prepare ourselves to fulfill the right of the Quran and to put other servants of Allah on the path shown by the Quran, and that we must practically do something or the other. We can only worry about and concern ourselves with fulfilling this obligation when we thoroughly understand the mutual relationship between the Holy Quran, the Fast of Ramadan, and Taqwa. This was the purpose of my conversation so far. We must remember well that the month of Ramadan was made obligatory for fasting solely because the Word of Allah was revealed in this month. All the blessing and greatness of this month is because, in this month, He intended the guidance of His servants, and through His great favor, He handed over the final message of His guidance to the people of the world through His Prophet ﷺ. The purpose of making fasts obligatory in this month is so that we produce that Taqwa within ourselves from which we obtain the strength and capability to fulfill the right of Allah Almighty's Book of Guidance	یہ بات اس لیے جاننا ضروری ہے کہ ایسا ہوتا رہا ہے، اور ہو رہا ہے، کہ روزے رکھنے والے اور راتوں کو جاگنے والے روزے رکھتے رہتے ہیں اور راتوں کو جاگتے رہتے ہیں، مگر ایک قدم بھی اس راہ پر نہیں اٹھاتے جس راہ پر رمضان کے روزے اور تلاوت قرآن انھیں چلانا چاہتے ہیں۔ حالانکہ اعمال صالحہ میں سب سے اہم عمل، فرائض میں سب سے بڑا فرض، اور نفع کے لحاظ سے سب سے زیادہ خیر کثیر کا حامل تو یہی ہے کہ ہم قرآن کا حق ادا کرنے کے لیے اور اللہ کے دوسرے بندوں کو قرآن کی بتائی ہوئی راہ پر لگانے کے لیے، اپنے کو تیار کریں، اور عملاً کچھ نہ کچھ ضرور کریں۔ اس فرض کو ادا کرنے کی فکر اور ہم اسی وقت کر سکتے ہیں جب ہم قرآن مجید، صوم رمضان اور تقوی کے باہمی تعلق کو اچھی طرح سمجھ لیں۔ میری اب تک کی گفتگو کا مقصد یہی تھا۔ ہم کو اچھی طرح یاد رکھنا چاہیے کہ رمضان کا مہینہ روزوں کے لیے صرف اس وجہ سے فرض کیا گیا کہ اس مہینہ میں اللہ تعالیٰ کا کلام نازل ہوا ۔اس مہینہ کی ساری برکت اور عظمت اس لیے ہے کہ اس ماہ میں اس نے اپنے بندوں کی ہدایت کا ارادہ فرمایا، اور اپنے فضل عظیم سے اپنی ہدایت کا آخری پیغام اپنے نبی ﷺ کے ذریعے دنیا والوں کے حوالے کیا۔ اس ماہ میں روزے فرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم اپنے اندر وہ تقویٰ پیدا کریں جس سے ہمیں اللہ تعالیٰ کی کتاب ہدایت کا حق ادا کرنے کی قوت اور استعداد حاصل ہو۔

Key Takeaway Messages

- Fasting as Training for the "Mission": Fasting is not just about personal piety; it is "strength training" to prepare the Ummah to carry out the mission of the Quran (spreading guidance).
- Knowledge + Power: The recitation of the Quran provides the Knowledge (*Ilm*), while Fasting provides the Power of Action (*Quwwat-e-Amal*).
- The Trap of "Small Piety": The author warns against Satan's tactic of making us focus on small, ritualistic "extra" deeds while neglecting the grand, obligatory mission of the Quran (Justice and Dawah).
- The Ultimate Standard: Fasting teaches us that something is "right" or "wrong" solely because Allah said so, not because of how we feel or what we need.

- The "Secret" Worship: Because no one can see if you are truly fasting, it builds a unique consciousness that Allah is always watching (*Iman-bil-Huzuri*), which is the core of true Taqwa.

What Should You Do?

What should you do so that you can gain the maximum benefit from Ramadan-ul-Mubarak—so that you can obtain the strength and capability of *Taqwa* (piety/God-consciousness) from its fasts, its *Taraweeh*, its recitation of the Quran, its acts of worship and routines, and its nights and days? I will now try to answer this very question for you.

1. Intention and Resolve

The first thing is correct intention (*Niyyah*) and firm resolve. Intention creates consciousness and feeling, and then activates it. When consciousness is awakened, resolve is born; and resolve manifests itself in the form of hard work and effort. For any task, the correct awareness of the objective and the firm determination to achieve it hold the same status that the soul holds for the body. It is in this sense that intention has been emphasized for prayer, fasting, and worship. According to some scholars, an action is not valid without uttering the words of intention with the tongue; according to others, the speech and decision of the heart are sufficient. However, simply repeating words of intention, or intending in the heart to perform an action, certainly fulfills the jurisprudential and legal requirement; but this intention can only serve as the "soul" of the action if it highlights the purpose of that action in the mind and heart, and creates a determination in the heart to achieve that purpose.

There is seemingly no difference between a living body and a dead body. However, a living body possesses the power of movement and action, while a dead body is deprived of that power. Such is the case with actions. If actions possess the "soul" of correct intention, they have the power to influence, grow, and produce results. The Holy Prophet

آپ کیا کریں؟

آپ کیا کریں جس سے رمضان المبارک سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر سکیں، اس کے روزوں سے، اس کی تراویح سے، اس کی تلاوتِ قرآن سے، اس کی عبادات و معمولات سے، اس کی راتوں سے اور اس کے دنوں سے تقویٰ کی قوت اور استعداد حاصل کر سکیں؟ اب میں آپ کے اسی سوال کا جواب دینے کی کوشش کروں گا۔

۱۔ نیت اور ارادہ

پہلی چیز صحیح نیت اور پکا ارادہ ہے۔ نیت، شعور و احساس پیدا کرتی ہے اور اس کو متحرک کرتی ہے۔ شعور بیدار ہو تو ارادہ پیدا ہوتا ہے، اور ارادہ، محنت اور کوشش کی صورت میں ظہور کرتا ہے۔ کسی کام کے لیے مقصد کے صحیح شعور اور اس کے حصول کے لیے پختہ عزم کی حیثیت وہی ہے جو جسم کے لیے روح کی ہوتی ہے۔ انھی معنوں میں نماز، روزہ اور عبادت کے لیے نیت کی تاکید کی گئی ہے۔ بعض علما کے نزدیک زبان سے نیت کے الفاظ کہے بغیر عمل صحیح نہیں ہوتا، بعض کے نزدیک دل کا قول اور فیصلہ کافی ہے۔ لیکن صرف نیت کے الفاظ دہرانے سے، یا دل میں کسی عمل کے کرنے کی نیت کر لینے سے فقہی اور قانونی شرط تو ضرور پوری ہو جاتی ہے، لیکن یہ نیت عمل کی روح کا کام اسی صورت میں کر سکتی ہے جب یہ دل و دماغ میں عمل کا مقصد اجاگر کر دے، اور دل میں اس مقصد کے حصول کے لیے عزم پیدا کر دے۔

زندہ اور مردہ جسم میں بظاہر کوئی فرق نہیں ہوتا۔ لیکن زندہ جسم، حرکت اور عمل کی قوت رکھتا ہے، جب کہ مردہ جسم، حرکت اور عمل کی قوت سے محروم ہوتا ہے۔ یہی حال اعمال کا ہے۔ اگر اعمال میں صحیح نیت کی روح ہو تو وہ اثر آفرینی نشو و نما اور نتیجہ خیزی کی

ﷺ expressed this fact by saying that the correctness and weight of actions depend upon intention:
إِنَّمَا الاعْمَالُ بِالنِّيَاتِ"Actions are [judged] only by intentions." (Bukhari, narrated by Umar RA)
For every person, the gain is only that which he intended.
The intention must be present, it must be correct, but it must also be sincere (*Khalis*). That is, every task should be done solely to attain the pleasure of Allah Almighty and to obtain His reward and bounty. If your intention is not sincere, and you do not perform the task solely for Allah Almighty, then it will not be accepted, and the reward for your hard work may be wasted.
Intention is also an expression of longing and desire for an action. If longing and desire are not present, intention creates them. If longing and desire are there, it generates resolve and courage. Intention, resolve, and courage are the very forces without which no path can be traversed, and the journey of Ramadan-ul-Mubarak cannot bring you to your destination either.
To welcome Ramadan-ul-Mubarak, the first thing you should do is refresh your sense of Ramadan's status, its message, its purpose, and its greatness and blessing. Make the intention that, through the routines and worship you organize this month, you will strive to produce that *Taqwa* within yourself which is the fruit of fasting, and which can make you capable of fulfilling the requirements of Allah's religion and the mission of the Holy Quran. Then, make the resolve that you will try your utmost to perform with hard work and consistency all those routines that Allah has made obligatory, those routines emphasized by the Holy Prophet ﷺ, and those routines you set for yourself so that you may gain full benefit from this month.

For this purpose, it would be very useful if, on the final day before the start of Ramadan, or

قوت رکھتے ہیں۔ اسی بات کو نبی کریم ﷺ نے یوں ارشاد فرمایا کہ اعمال کی صحت اور وزن کا انحصار نیت پر ہوتا ہے: **إِنَّمَا الاعْمَالُ بِالنِّيَاتِ** (بخاری، عن عمرؓ)۔ ہر انسان کے لیے حاصل وہی ہے جس کی وہ نیت کرے۔

نیت ہونی چاہیے، صحیح ہونی چاہیے، لیکن خالص بھی ہونی چاہیے۔ یعنی ہر کام صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لیے، اور اس کا اجر وانعام حاصل کرنے کے لیے کرنا چاہیے۔ اگر آپ کی نیت خالص نہ ہوگی، اور آپ کام صرف اللہ تعالیٰ کے لیے نہ کریں گے، تو وہ قبول نہ ہوگا، اور آپ کی محنت کا اجر ضائع جاسکتا ہے۔ نیت عمل کے لیے طلب اور آرزو کا اظہار بھی ہے۔ اگر طلب وآرزو موجود نہ ہو تو نیت اس کو پیدا کرتی ہے۔ طلب اور آرزو ہو، تو عزم اور حوصلہ پیدا کرتی ہے۔ ارادہ اور عزم و حوصلہ ہی وہ طاقت ہے جس کے بغیر کوئی راستہ طے نہیں ہو سکتا، اور رمضان المبارک کا سفر بھی آپ کو اپنی منزل پر نہیں پہنچا سکتا۔

رمضان المبارک کے استقبال کے لیے سب سے پہلا کام آپ کو یہی کرنا چاہیے کہ آپ رمضان کے مقام، اس کے پیغام، اس کے مقصد، اور اس کی عظمت وبرکت کے احساس کو تازہ کریں۔ اس بات کی نیت کریں کہ اس مہینے میں آپ جن معمولات اور عبادات کا اہتمام کریں گے ان سے آپ اپنے اندر وہ تقویٰ پیدا کرنے کی کوشش کریں گے جو روزے کا حاصل ہے، اور جو آپ کو اللہ تعالیٰ کے دین کے تقاضوں اور قرآن مجید کے مشن کو پورا کرنے کے قابل بنا سکے۔ اور پھر اس بات کا عزم کریں کہ اس مہینے میں جو معمولات اللہ تعالیٰ نے فرض کیے ہیں، اور وہ معمولات جن کی تاکید نبی کریم ﷺ نے فرمائی ہے، وہ معمولات جو آپ خود اپنے لیے طے کریں گے تاکہ اس ماہ سے بھرپور نفع حاصل کر سکیں ان سب کو آپ محنت اور باقاعدگی سے بجالانے کی پوری کوشش کریں گے۔

on the very first night immediately after it begins, you sit alone for a few moments. Consider yourself present before Allah Almighty, praise Him, send blessings (*Durood*) upon His Prophet ﷺ, and seek forgiveness (*Istighfar*) for your sins. After that, think about all those things regarding the coming month that have been mentioned here (or read this text again). Then, make the intention and resolve to strive and work hard for the entire month, seek Divine enabling (*Taufiq*) and assistance from Allah, and pray that He holds your hand and leads you upon His path.	اس مقصد کے لیے بہت مفید ہو گا اگر آپ رمضان المبارک کے آغاز سے پہلے آخری دن میں، یا آغاز ہونے کے فوراً بعد پہلی ہی رات میں، دو گھڑیاں تنہا بیٹھ جائیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور خود کو حاضر جانیں، اس کی حمد کریں، اس کے نبی ﷺ پر درود بھیجیں، اپنے گناہوں سے استغفار کریں۔ اس کے بعد آنے والے مہینے کے بارے میں وہ تمام باتیں سوچیں جن کا یہاں ذکر کیا گیا ہے (یا اسی تحریر کو پڑھ لیں)۔ اس کے بعد پورے ماہ کے لیے کوشش اور محنت کی نیت اور ارادہ کریں، اللہ تعالیٰ سے توفیق اور اعانت طلب کریں، اور دُعا کریں کہ وہ آپ کا ہاتھ پکڑ کے آپ کو اپنی راہ پر چلائے۔

Key Takeaway Messages

- Intention is the "Soul": Just as a body without a soul is a corpse, an act of worship without a conscious purpose is spiritually "dead."
- Beyond Ritual Words: True *Niyyah* is not just a formula you recite; it is an internal "awakening" that aligns your heart with the mission of the Quran.
- Sincerity (*Ikhlas*): Any effort not done purely for Allah risks being a waste of energy.
- The "Pre-Ramadan" Meditation: Success starts with a dedicated moment of solitude before the month begins—auditing your sins, seeking help from Allah, and setting clear spiritual goals.

2. Relationship with the Holy Quran The second thing is to arrange for the recitation, listening, and attainment of knowledge and understanding of the Holy Quran. The month of Ramadan-ul-Mubarak, through its specific acts of worship—namely Fasting and *Qiyam-ul-Layl*—focuses itself in one way or another upon the Holy Quran. The true essence of this month is to listen to and read the Quran, to learn the Quran, and to develop the capability to act upon it. Therefore, the thing you should arrange for most is to spend as much time as possible in the company and companionship of the Holy Quran. Spend this time in such a way that, on one hand, you know what Allah Almighty has said to you, and on the other, your heart and your thoughts absorb the Quran, creating within you a readiness to act according to it.	**۲۔ قرآن مجید سے تعلق** دوسری چیز، قرآن مجید کی تلاوت و سماعت اور علم و فہم کے حصول کا اہتمام ہے۔ رمضان المبارک کا مہینہ اپنی مخصوص عبادات، یعنی روزے اور قیام لیل کو کسی نہ کسی صورت میں قرآن مجید پر مرکوز کر دیتا ہے۔ اس مہینے کا اصل حاصل ہی قرآن سننا اور پڑھنا، قرآن سیکھنا اور اس پر عمل کرنے کی استعداد پیدا کرنا ہے۔ اس لیے آپ کو سب سے زیادہ اہتمام جس چیز کا کرنا چاہیے وہ یہ ہے کہ آپ زیادہ سے زیادہ وقت قرآن مجید کی صحبت و معیت میں بسر کریں۔ یہ وقت اس طرح بسر کریں کہ ایک طرف آپ کو یہ معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا کہا ہے، دوسری طرف آپ کا دل اور آپ کی سوچ قرآن کو جذب کر لے، اور آپ کے اندر اس کے مطابق عمل کے لیے آمادگی پیدا ہو۔

By being punctual in *Taraweeh* prayer, at the very least, you achieve hearing the entire Quran once. The spiritual benefit of standing before Allah and listening to His Word is extremely precious in its own right, but because of not knowing Arabic, you are unable to gain the benefit of becoming acquainted with the message and themes of the Quran and refreshing them. Therefore, it is necessary that you put in more effort for this purpose and devote more time to the Quran than the time you spend in *Taraweeh*. That is, try to read a portion of the Quran daily with a translation to understand it.

